# خبر نامہ انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

شمارہ نمبر
08

ستمبر 2019ء بمطابق محرم الحرام 1441ھ

## فرمانِ الٰہی

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوۡرِ عِنۡدَ اللّٰهِ اثۡنَا عَشَرَ شَهۡرًا فِىۡ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوۡمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ مِنۡهَاۤ اَرۡبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظۡلِمُوۡا فِيۡهِنَّ اَنۡفُسَكُمۡ

(سورۃ التوبہ 36)

بے شک اللہ کے نزدیک مہینے گنتی میں بارہ ہیں اللہ کی کتاب میں اس دن سے کہ اس نے آسمانوں اور زمین کو تخلیق فرمایا ان میں سے چار مہینے ادب کے ہیں یہی سیدھا دین ہے تو ان (مہینوں) میں اپنے آپ پر ظلم مت کرنا۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

صُومُوا يَوْمَ عَاشُورَاء وَخَالِفُوا فِيهِ الْيَهُودَ صُومُوا قَبْلَهُ يَوْمًا أَوْ بَعْدَهُ يَوْمًا

(مسند أحمد)

عاشورہ کا روزہ رکھو اور یہود کی مخالفت کرو عاشورے سے ایک دن پہلے کا روزہ رکھو یا ایک دن بعد کا

## اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ ستمبر کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔ آمین

قارئین محترم نیا قمری سال شروع ہو چکا ہے رب کائنات سے دعا ہے کہ اس سال کو ہمارے لیے اور امت مسلمہ کے لیے امن و سلامتی کا سال بنا دے اور اللہ تعالیٰ کے علم قدیم میں ہم میں سے جس کی مہلت عمر اس سال میں باقی ہے اللہ تعالیٰ اس کو فرمانبرداری کی حالت میں زندہ رکھے اور جس کی مہلت عمر اللہ تعالیٰ کے علم قدیم میں اس سال پوری ہونے والی ہے اس کو ایمان کی حالت میں موت عطا فرمائے (آمین)

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

بانی: ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس میں گزشتہ ماہ طلبہ و طالبات کی تعداد 70رہی۔حلقات و دورات دینیہ (مختصر کورسز) برائے حضرات میں ناظرہ کلاس بمع تجوید بعد نماز فجر اور عربی گرامر کلاس بنام "قرآن اب آسان" ہفتہ میں تین دن بروز پیر،بدھ اور جمعرات بعد نماز مغرب تاعشاء اور خواتین کے لیے عربی گرامر کورس بنام "قرآن اب آسان کورس" ہفتہ میں دو دن بروز پیر اور جمعرات اوقات 3:30 تا 4:30 اور تجوید کلاس ہفتہ میں دو دن منگل اور جمعرات اوقات صبح 10:00 تا12:00 اور ترجمہ کلاس "ہفتہ میں چار دن پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ 3:30 تا 4:30 جاری ہیں اور اس کے علاوہ اکیڈمی کے اسٹاف کی علمی و اخلاقی تربیت کے لیے صبح 9:10 تا 9:30 تک کلاس ہوتی ہے مسجد میں پنجگانہ نماز کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین، نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہوتا ہے فجر کی نماز کے بعد مطالعہ سیرۃ النبی ﷺ، ظہر کے بعد بیان القرآن، عصر کے بعد تذکیر بالحدیث اور ہر اتوار کو ظہر کے بعد دورہ ترجمہ قرآن کا اہتمام ہوتا ہے اس کے علاوہ ہر ماہ کے پہلے جمعہ ماہانہ خصوصی درس قرآن و حدیث خطاب بعد نماز عشاء منعقد ہوتا ہے۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں الحمدللہ رجوع الی القرآن اور نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس میں تدریس جاری ہے رجوع الی القرآن کورس میں اس ماہ کے آغاز پر طلبہ کی تعداد 67 تھی جس میں سے 3 طلبہ نے کاروباری و تعلیمی مشغولیت کے باعث کورس جاری رکھنے سے معذرت کرلی ہے اس طرح اب طلبہ کی تعداد 64 ہوگئی ہے سامع طلبہ کی تعداد 11 ہے رجسٹرڈ طالبات کی تعداد 74 اور سامعات کی تعداد 15 ہے جبکہ نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس میں طلبہ کی تعداد 25 ہے۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ و مدرسۃ البنین والبنات میں الحمدللہ باقاعدگی سے تدریس کا عمل جاری ہے درجہ حفظ میں 70 طلبہ، درجہ قاعدہ میں 25 طلبہ، مدرسۃ البنین والبنات میں درجہ قاعدہ میں 60 طلبہ اور 40 طالبات زیر تعلیم ہیں جبکہ درجہ ناظرہ میں 26 طلبہ اور 36 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مغرب تاعشاء حلقہ برائے ناظرہ قرآن حکیم بھی الحمدللہ جاری ہے جس سے اہل محلہ استفادہ کررہے ہیں۔ عربی زبان کے بنیادی قواعد و ضوابط اور ان کے اجراء کے لیے ہفتہ وار "دروس اللغۃ العربیہ جزدوم "کورس کا آغاز ہوچکاہے تدریس کے اوقات صبح 10 تا12:30 ہیں جبکہ تدریس کے فرائض استاذ عاطف محمود صاحب انجام دے رہے ہیں۔ ادارے کے خادمین کی دینی و اخلاقی تعلیم کے لیے روزانہ مختصر دورانیہ کی کلاس بھی الحمدللہ باقاعدگی سے جاری ہے الحمدللہ طلبہ کی عملی مشق کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں بعد نماز ظہر مختصر درس قرآن و حدیث کا اہتمام کیا گیاہے جس کا دورانیہ تین منٹ ہے۔ مسجد ھذا میں بعد نماز عصر مطالعہ حدیث کا سلسلہ بھی الحمدللہ جاری ہے اس کے علاوہ مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں الحمدللہ نماز جمعہ کا سلسلہ بھی باقاعدگی سے جاری ہے جس میں خطابت کی ذمہ داری مدیر ادارہ جناب سید سلیم الدین صاحب ادا فرماتے ہیں اہل محلہ اور رفقاء تنظیم اسلامی کی بڑی تعداد شرکت کرتی ہے جبکہ مسجد میں الحمدللہ وقتاً فوقتاً نکاح مسنونہ کا انعقاد بھی ہوتا ہے۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں رجوع الی القرآن کورس کے چوتھے بیچ میں تدریس کا سلسلہ بحسن وخوبی جاری ہے۔ قرآن اکیڈمی کورنگی میں تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز جاری ہیں۔ دی ہوپ اسلامک اسکول میں 26 اگست 2019ء سے First Term کے امتحانات کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے جس کے لیے طلبہ کو ایڈمٹ کارڈ بھی جاری کردیئے گئے ہیں۔ مدرسۃ القرآن قرآن اکیڈمی کورنگی میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس کا عمل جاری ہے۔ مدرسۃ البنین کے حفظ القرآن میں 23 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 89 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ اسی طرح بنات میں 132 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مدرسۃ القرآن میں طلبہ کی تربیت کے لیے تربیتی کلاس کا بھی انعقاد کیا گیا۔ قرآن اکیڈمی کورنگی سے متصل جامع مسجد طیبہ میں ہر جمعرات بعد نماز عشاء ہفتہ وار درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض مدیر ادارہ

انجینئر نعمان اختر صاحب انجام دیتے ہیں۔اسی مسجد میں دو عنوانات "فلسفۂ قربانی"اور" قرآن حکیم میں ہمارا ذکر" پر خطاب جمعہ کی ذمہ داری بھی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے ادا کی۔ قرآن اکیڈمی کورنگی میں حلقۂ خواتین کے تحت ہر ماہ کے دوسرے جمعہ کو 4 بجے ماہانہ درسِ قرآن منعقد کیا جاتا ہے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

رجوع الی القرآن کورس میں تدریسی سرگرمیاں الحمد للہ جاری ہیں رجوع الی القرآن کورس سے فارغ التحصیل حضرات کی علمی پختگی کے لئے ہفتہ کے دن منتخبات علوم دینیہ کورس الحمد للہ جاری ہے اوسطاً 15 شرکاء شریک ہوتے ہیں۔ مسجد جامع القرآن گلستان جوہر میں جناب استاذ ڈاکٹر انوار علی صاحب خطاب جمعہ کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

مدرسۃ القرآن میں بچوں کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے دعائیں اور نماز سکھانے کا اہتمام ہوتا ہے۔شام کے اوقات میں دینیات کورس جاری ہے عربی گرامر اور تجوید کی کلاس ہفتہ میں دو دن منعقد ہوتی ہے۔ رجوع الی القرآن کورس کے وہ حضرات و خواتین جو عربی گرامر کو مزید بہتر کرنے اور دنیوی سرگرمیوں میں مصروف حضرات خواتین کے لئے ہفتہ وار ایک روزہ عربی گرامر کورس اور طلبہ و طالبات کے لیے دینی تربیتی کورس جس کا مقصد دینی بنیادوں پر تربیت اور ذہن سازی ہے ان کورسز کا آغاز 14 اور 21 ستمبر سے کیا جائے گا۔ ادارہ کے تحت مختلف تناظیم کے ہفتہ وار پروگرامز کا انعقاد جاری رہا اور وقتاً فوقتاً نکاح مسنونہ کا انعقاد بھی جاری رہا۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

الحمد للہ صبح کے اوقات میں حضرات و خواتین کے لیے رجوع الی القرآن کورس کی تدریس باقاعدگی سے جاری ہے ۔ صبح کے اوقات میں نوجوانوں کے لیے نوجواں مسلم قرآن فہمی کورس کی بھی تدریس باقاعدگی سے جاری ہے۔ ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کا سلسلہ باقاعدگی سے جاری ہے مغرب تا عشاء تعلیم بالغان کا سلسلہ جاری ہے ہر اتوار دوپہر 11 تا 1 بجے بچوں اور بچیوں کے لیے علم فاؤنڈیشن کے نصاب کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے۔ ہر اتوار بعد نمازِ عشاء درسِ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری ادارۂ ہذا کے استاذ جناب یاسر شیخ صاحب ادا کر رہے ہیں۔ تنظیمِ اسلامی لطیف آباد حیدرآباد کے نظم کے تحت خواتین کے لیے دوپہر کے اوقات میں تین ماہ پر مشتمل دینیات کورس کا آغاز کیا جارہا ہے جس کی نگرانی مقامی امیر لطیف آباد جناب احسن قائمخانی صاحب کی اہلیہ کریں گی اس کورس کے مضامین عربی گرامر، تجوید القرآن اور منتخب نصاب ہیں۔ پیر تا جمعرات دوپہر 4 تا شام 6 بجے تک۔ ان شاءاللہ اگلے ماہ سے حضرات وخواتین کے لیے ہفتہ اور اتوار کے روز ایک مختصر کورس کا آغاز کیا جارہا ہے جس کا دورانیہ تین ماہ اوقات شام 5 تا 7 بجے تک ہوں گے جس کے مضامین عربی گرامر ، فقہ العبادات ، سیرت النبی ﷺ اور خصوصی محاضرات ہوں گے۔

## قرآن مرکز لانڈھی

مدرسۃ القرآن للحفظ و القرآۃ شعبہ حفظ میں 45 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ شعبہ ناظرہ میں میں 116 طلبہ و طالبات زیر تعلیم ہیں۔ 15 روزہ درس قرآن بروز جمعہ بعد نماز مغرب منعقد ہوتا ہے ناظم قرآن مرکز جناب محمد ہاشم صاحب بیان کی ذمہ داری ادا کرتے ہیں۔VISION & TIME MANAGEMENT کے عنوان سے ایک شارٹ کورس کا 13 جولائی سے آغاز کیا گیا جس میں 4 لیکچرز منعقد کیے گئے آخری لیکچر 3 اگست کو منعقد ہوا لیکچر کے اختتام پر تسلسل کے ساتھ شرکت کرنے والے شرکاء میں اسناد تقسیم کی گئیں۔ مدرس کی ذمہ داری مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا فرمائی۔ ان شاء اللہ قرآن مرکز لانڈھی میں 2 ستمبر بروز پیر سے حضرات و خواتین کے لیے دینیات کورس کا آغاز کیا جارہا ہے۔ کورس کے مضامین: تجوید، عربی گرامر، فکرِ اسلامی (خصوصی لیکچر سیریز) ہوں گے۔ کلاسز ہفتہ میں تین دن پیر، منگل، بدھ بعد نمازِ مغرب ہوں گی۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات و دروس

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں گزشتہ ماہ رجوع الی القرآن کورس کے تحت خصوصی محاضرہ بعنوان "تنظیم الاوقات (Time Management)" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا فرمائی۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں گزشتہ ماہ ایک خصوصی محاضرہ بعنوان "محرم الحرام فضائل و مسائل" منعقد ہوا جس میں تدریس کی ذمہ داری استاذ و ناظم تعلیم قرآن اکیڈمی یٰسین آباد جناب عاطف محمود صاحب نے ادا کی۔

## شعبہ مطبوعات

انجمن خدام القرآن، سندھ کراچی کے تحت منتخب نصاب سوم (مجلد) شائع کی گئی جو کہ انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے تمام مکتبہ جات پر مناسب قیمت پر دستیاب ہے۔

## اعلانات

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد میں** ان شاءاللہ اگلے ماہ سے حضرات و خواتین کے لیے ہفتہ اور اتوار کے روز ایک مختصر کورس کا آغاز کیا جارہا ہے جس کا دورانیہ تین ماہ اوقات شام 5 تا 7 بجے تک ہوں گے جبکہ مضامین میں عربی گرامر، فقہ العبادات، سیرت النبی ﷺ اور خصوصی محاضرات شامل ہیں۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں** ان شاءاللہ 24 ستمبر 2019 سے حلقات و دورات دینیہ (Short Courses) کا آغاز کیا جارہا ہے جس میں عربی گرامر، تجوید القرآن، منتخب نصاب، سیرت النبی ﷺ کے مضامین کی تدریس ہوگی۔ یہ کورسز حضرات و خواتین اور بچوں اور بچیوں کے لیے منعقد کیے جارہے ہیں۔

## کشمیر سے یکجہتی

30 اگست 2019 بروز جمعہ انجمن خدام القرآن، سندھ کراچی اور تنظیم اسلامی کے تحت چاروں اکیڈمیز اور مراکز میں مقبوضہ کشمیر کے غیور اور مظلوم مسلمانوں سے اظہار یکجہتی اور بھارت کے کشمیری عوام پر بڑھتے ہوئے مظالم کے خلاف ایک پرامن خاموش مظاہرہ ہوا جس میں وابستگانِ قرآن اکیڈمی، طلبہ رجوع الی القرآن کورس، رفقاء تنظیم اسلامی اور احباب نے شرکت کی، مظاہرین نے ہاتھوں میں بینر اٹھا رکھے تھے جس میں بھارت کے خلاف مختلف عبارات درج تھیں۔

## عقیدہ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں "عقیدہ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" پر ایک خصوصی لیکچر مورخہ 16 ستمبر تا 19 ستمبر بروز پیر تا جمعرات منعقد ہوگا جس میں تدریس کے فرائض جناب مولوی عبدالحئ مطمئن صاحب (مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت) انجام دیں گے۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں "عقیدہ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" پر خصوصی لیکچر مورخہ 23 ستمبر تا 26 ستمبر بروز پیر تا جمعرات منعقد ہوگا جس میں تدریس کے فرائض جناب مولوی عبدالحئ مطمئن صاحب (مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت) انجام دیں گے۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر** میں "عقیدہ ختم نبوت اور ہماری ذمہ داری" پر خصوصی لیکچر مورخہ 30 ستمبر تا 3 اکتوبر بروز پیر تا جمعرات منعقد ہوگا جس میں تدریس کے فرائض جناب مولوی عبدالحئ مطمئن صاحب (مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت) انجام دیں گے۔